پریس ریلیز

گوجرانوالہ 21 نومبر 2023ء

وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی نے کہا کہ گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے گوجرانوالہ چیمبر کے دیرینہ مطالبے جن میں یونیورسٹی آف گوجرانوالہ ، چلڈرن ہسپتال، برن یونٹ کا افتتاح کر دیا ہے۔ جہاں تک موٹروے لنک کا تعلق ہے یہ منصوبہ بھی دسمبر یا جنوری تک مکمل فنکشنل ہو جائیگا۔انہوں نے کہا گوجرانوالہ میں گوالہ کالونی، چنددا قلعہ کوری ڈیزائن کر کے فلائی اوور تعمیر کیا جائے گا۔ پہلے فیز میں چلڈرن ہسپتال 100 بیڈز پر مشتمل کیا گیا ہے جبکہ 31 جنوری تک اسے 200 بیڈز کر کے لاہور چلڈرن ہسپتال سے منسلک کر دیا جائے گا۔اس کے علاوہ ڈی پی ایس سکول میں 24 کلاس رومز کا مزید اضافہ کر کے 1 ہزار طلباء وطلبات کی گنجائش بنائی جائے گی ۔گوجرانوالہ میں بہت جلد فوڈ اینڈ ویجی ٹیبل مارکیٹ تعمیر کروائی جائے گی ، نئے ویسٹ ڈمپنگ ایریا کیلئے جگہ دے دی گئی ہے جبکہ پرانے ڈمپنگ ایریا کو پارک میں تبدیل کروایا جائے۔کھیلوں کے فروغ کیلئے جلد ہی کرکٹ اکیڈمی کا آغاز کیا جائے گا۔کاروبار کی آسانی کیلئے پنجاب کے چھ بڑے چیمبرز کیلئے ون ونڈو آپریشن کے تحت دسمبر میں لاہور میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر بنایا جا رہا ہے جس میں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر کو بھی نمائندگی دی گئی ہے۔قبرستانوں میں جگہ کم ہونے کی وجہ سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا تھا شہریوں کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے دو عدد نئے قبرستان کیلئے جگہ دے دی گئی ہے۔علاوہ ازیں ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں جس میں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر کو بھی نمائندگی دی گئی تھی یہی وجہ ہے کہ اس کمیٹی کی بہتری کارکردگی کی بنا ہم ان منصوبوں کو عملی شکل دینے میں کامیاب ہوئے ہیں۔گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب بزنس کمیونٹی کی زبردست ترجمانی کر رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی بزنس کمیونٹی سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم ،سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ خواجہ خالد حسن، ملک ظہیر الحق،خواجہ ضرار کلیم،نواز احمد باجوہ،رانا شہزاد حفیظ،نعمان صلاح الدین،سعید احمد تاج،عمر اشرف مغل،محمد شعیب بٹ، سابق نائب صدور محمد انور اسلم، محمد اظہر اسلم، ملک امین ناز،شیخ قیصر امین اس کے علاوہ صوبائی وزراء جن میں ایس ایم تنویر،منصور قادر،ڈاکٹر جاوید اکرم،سید ازفر علی ناصر، عامر میر، ابراہیم مراد، بلال افضل، ڈاکٹر جمال ناصر، وزیر اعلیٰ کے مشیر کنور محمد دلشاد، وہاب ریاض، چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب احمد رضا سرور، چیئرمین پی اینڈ ڈی لیفٹیننٹ (ر) افتخار ساہو، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ شکیل احمد میاں، آئی جی پی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ،سیکریٹری سی اینڈ ڈبلیو لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف، سیکریٹری انڈسٹریز احسان بھٹہ، کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل، سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم، ایم ڈی پسک کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

قبل ازیں صدر گوجرنوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب خراج تحسین پیش کیا کہ انہوں نے بہت کم عرصہ میں گوجرانوالہ کے دیرینہ مطالبات کو عملی جامہ پہنا کر گوجرانوالہ کے عوام اور بزنس کمیونٹی کے دل جیت لئے۔انہوں مزید مطالبات کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ کی انڈسٹری بلخصوص میٹل پروسیسنگ انڈسٹری کیلئے نئی انڈسٹریل اسٹیٹ شہر سے باہر ناگزیر ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چنددا قلعہ سے لیکر عزیز کراس تک سگنل فری روڈ کر دیا جائے جس سے گوجرانوالہ کے ٹریفک کے مسائل حل ہو جائے گے۔واسا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ فلاحی ہسپتالوں کیلئے سیوریج وا یکوا فر بلوں میں خصوصی ریلیف دیا جائے۔مزید براں انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ، سی پی او گوجرانوالہ اور تمام ضلعی انتظامیہ کی شاندار کارکردگی کو بھی سراہا اور بہترین کوارڈی نیشن کی بھی تعریف کی۔